نئی نسل کو ایک گویے سہیل رعنا کے حوالے کر رکھا ہے۔ جو لڑکوں اور لڑکیوں کو گانا سکھاتا ہے۔ جو بچے اور بچیاں طبلے کی تھاپ پر اور ہارمونیم کی تان پر تالیاں بجا بجا کر گائیں گی۔ اس نئی نسل سے اسلامی معاشرہ تو تشکیل نہیں پا سکتا البتہ گلوکار اور گلوکارائیں۔ فلم ایکٹر اور فلم ایکٹریسیں وجود میں آئیں گی۔ تو یہ کس قسم کا اسلامی معاشرہ ہوگا۔

مولانا عبدالحق صدر نظام العلماء ضلع حیدرآباد

ذکریوں کی سرگرمیاں | ہم ذکریوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلوانے کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ مگر ذکری دولت کے بل بوتے پر سخت مزاحم ہو رہے ہیں۔ بلوچستان کی تنظیم اصلاح المسلمین کی تحریک کو کچلنے کے لئے ۱۲ لاکھ روپے خرچ کئے۔ ذکریوں کے خلاف ایک کیس کی نقل حاصل کرنے ہمارے ساتھی وہاں پہنچے تو اس کلرک کو پچیس ہزار روپے دئے گئے۔ کہ وہ نقل نہ دی جائے۔ مگر بحمداللہ کہ ہم لوگ نقل حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ الحق کے ڈاکٹر ضیاء الحق صدیقی صاحب نے ذکریوں کی نفلی عبادت" چوگان" کے ۳۵ بول معلوم کئے۔ حالاں کہ میرے پاس تقریباً اسی بول لکھے ہوئے ہیں۔ جیسے میں نے نومسلم ذکریوں سے حاصل کئے ہیں جن کا اردو ترجمہ بھی کیا ہے۔ بہت سے حضرات نے ڈاکٹر ضیاء الحق صدیقی کا پتہ دریافت کیا ہے۔ افسوس کہ دفتر الحق میں کہیں اوجھل ہو گیا ازراہ کرم ڈاکٹر صاحب مدیر الحق سے مرسلت فرمائیں۔ عبدالمجید قیصر قندی۔ کراچی

حادثۂ چکوال۔ نہایت افسوسناک | افسوس کہ ۱۰ صفر ۱۴۰۱ھ کو شیعہ حضرات کے چہلم کے جلوس گزارنے کے موقع پر مولانا قاضی مظہر حسین صاحب اور ان کے رفقاء علماء اہلسنت اور طلبہ و بچوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ مسجد مدنی میں جمعہ و اذان تک نہیں ہو سکی۔ امام و موذن گرفتار کر لئے گئے۔ مسجد پر پولیس کی ناکہ بندی رہی۔ شیعہ جلوس پہلے سے زیادہ بھانگڑے ڈالتا گزرا۔ یہ تمام کارروائی مقامی اور ضلعی انتظامیہ نے کی۔

مولانا عبداللطیف۔ جامعہ حنفیہ۔ مدنی مسجد جہلم

برطانیہ کے چار شہید علماء | شہید مرحوم مولانا علی ابراہیم سمنتی جو الحق کے دیرینہ قاری اور آپ کے مداح تھے۔ اپنے چار جید علماء کے ساتھ جو دارالعلوم اسلامیہ ہولکمب بری برطانیہ میں پڑھاتے تھے ایک کار میں جو بلیک برن سے ان اساتذہ کو لانے لے جانے کے لئے متعین تھی ایک حادثہ کا شکار ہو گئی۔ اور یہ سب حضرات علماء شہید ہو گئے۔ مولانا ابراہیم دیسائی۔ مولانا یعقوب دیسائی۔ مولانا علی ابراہیم۔ مولانا عمر آدم وہالوی اور ڈرائیور جناب عبدالرشید صاحب یہ نہ صرف دارالعلوم بلکہ جمیع مسلمانان برطانیہ کے لئے جانکاہ حادثہ ہے۔ ان کے نام رسالہ الحق جو جاری ہے بند کر دیں۔ راہ حق میں شہید ہونے والوں کے لئے دعا کیجئے

اسماعیل حافظ علی۔ بولٹن۔ برطانیہ

الحق اس المناک حادثہ کی تفصیلات اور ذرائع معلوم ہوئے غلغلہ زدہ یورپ میں ایسے علماء حق کا وجود تو اور بھی نہایت قیمتی اور مینارۂ نور ہے۔ حق تعالیٰ ان شہداء راہ دعوت وعلم کو درجات عالیہ سے نوازے اور تمام مسلمانوں اور مدرسہ مذکورہ کو ان کا نعم البدل عطا فرمائے۔ "الحق"